شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان

36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

25اپریل2025ء

پریس ریلیز

پہلگام بھارت کاڈرامہ اور پاکستان اصل نشانہ ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): پہلگام بھارت کاڈرامہ اور پاکستان اصل نشانہ ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہاکہ پہلگام واقعہ پر بھارت اور اس کے اتحادیوں کے پاکستان مخالف ردِ عمل نے واضح کر دیا ہے کہ یہ ایک فالس فلیگ منصوبہ تھا جس کے تانے بانے اسرائیل، امریکہ اور خود بھارت کے ابلیسی اتحادِ ثلاثہ سے جڑتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ انتہا پسند مودی ایک عرصہ سے پاکستان پر کوئی بڑا حملہ کرنے کا منصوبہ بنائے بیٹھا تھا جس کا دبے لفظوں میں اظہار اس نے اپنی انتخابی مہم کے دوران ہی کر دیا تھا۔ پھر یہ کہ ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل اپنے توسیعی منصوبے یعنی گریٹر اسرائیل کو آگے بڑھانے کے لیے اس بات کو ناگزیر سمجھتا ہے کہ پاکستان کے ایٹمی دانت توڑے جائیں۔ پاکستان کی نظریاتی اساس کے حوالے سے خدشات کا اظہار اسرائیل کے پہلے وزیر اعظم ڈیوڈ بن گوریان نے 1967ء کی عرب اسرائیل جنگ میں فتح کے بعد پیرس میں جشن کے دوران ہی کر دیا تھا۔ پھر یہ کہ چند برس قبل حالیہ اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو بھی ایک انٹرویو میں پاکستان کے ایٹمی دانت توڑنے کی خواہش کا اظہار کر چکا ہے۔ انہوں نے کہاکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے پہلے دورِ حکومت میں نہ صرف یروشلم کو اسرائیل کا دارالحکومت تسلیم کیا بلکہ اپنا سفارت خانہ بھی مسلمانوں کے اس مبارک و مقدس شہر میں منتقل کر دیا۔ ٹرمپ کے یہودی داماد جیرڈ کشنر نے ابراہم اکارڈز کے نام پر اسرائیل کے بعض عرب اور دیگر مسلم ممالک کے ساتھ تعلقات قائم کروائے۔ اسی دوران ٹرمپ نے مقبوضہ مغربی کنارے کے 87 فیصد علاقے کو اسرائیل میں ضم کرنے کا منصوبہ ڈیل آف دی سینچری کے نام سے پیش کیا۔ امیر تنظیم نے کہاکہ اپنے پہلے دور حکومت میں امریکی صدر ٹرمپ نے دورۂ بھارت کے دوران بھی کئی ایسے معاہدے کیے جن کا مقصد بھارت کو پاکستان پر عسکری اور معاشی برتری دلانا تھا۔ افسوس اس امر پر ہے کہ مملکتِ خداداد پاکستان کے ماضی اور حال کے حکمران اور مقتدر حلقے اب بھی امریکہ کے سحر میں گرفتار دکھائی دیتے ہیں اور اسی نادانی میں چین اور افغانستان جیسے ہمسایوں کو بھی ناراض کر بیٹھے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا ہے کہ آج پاکستان سیاسی طور پر بدترین اندرونی خلفشار کا شکار ہے اور معاشی طور پر ہم مکمل طور پر مفلوج بلکہ معذور ہو چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستان نہ تو کلبھوشن جادھو جیسے دہشت گرد کو اس کے منطقی انجام تک پہنچا سکا ہے اور نہ ہی اپنے ازلی دشمن بھارت کی پاکستان سمیت کینیڈا اور امریکہ میں ثابت شدہ دہشت گرد کارروائیوں کے خلاف کسی فورم پر بھی آواز بلند کر پایا ہے۔ دوسری طرف بھارت نے مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں امریکی نائب صدر کی اپنی بھارتی نژاد اہلیہ کی موجودگی میں ایک ڈرامہ رچا کر پاکستان کو نشانے پر رکھ لیا ہے اور امریکہ و اسرائیل بھارت کے حمایتی بن کر سامنے آ گئے ہیں۔ انہوں نے کہاکہ اب بھی وقت ہے، پانی ابھی سر سے نہیں گزرا۔ تاریخ گواہ ہے کہ قوموں کے دفاع کے لیے عسکری اداروں اور عوام کا ایک پیج پر ہونا ناگزیر ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر خاص و عام اپنے انفرادی و اجتماعی جرائم اور گناہوں سے تائب ہو اور اللہ کی طرف رجوع کرے۔ اسلام ہی وہ واحد قوت ہے جو کراچی سے لے کے خیبر اور کوئٹہ سے لے کر لاہور تک پاکستان کے مسلمانوں کو یکجا کر سکتی ہے۔ یہ ملک اسلام کی بنیاد پر قائم کیا گیا تھا، دشمن کی سازشوں کو ناکام بنانا اور ملک کی بقاء اور سلامتی بھی اسلامی نظام کے نفاذ میں ہی مضمر ہے۔

جاری کردہ

رضاءالحق

مرکزی ناظم نشرواشاعت